صحت کے منصوبے

NJ FAMILYCARE
Affordable health coverage. Quality care.

| HMO منصوبے بلحاظ کاؤنٹی | اٹلانٹک | برگن | برلنگٹن | کیمڈن | کیپ مئی | کمبرلینڈ | ایسیکس | گلوسٹر | ہڈسن | ہنٹرڈن | مرسر | مڈل سیکس | مونماؤتھ | مورس | اوشین | پاسیک | سیلم | سمر سیٹ | سسیکس | یونین | وارن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نیو جرسی کی Aetna Better Health® | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| Fidelis Care | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| Horizon NJ Health | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| UnitedHealthcare Community Plan | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ویل پوائنٹ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |

aetna
Aetna Better Health® of New Jersey

تمام کاؤنٹیز میں دستیاب ہے

## نیو جرسی کی Aetna Better Health®

**1-855-232-3596 • TTY 711 (7/24)**  
**www.aetnabetterhealth.com/nj**

### Aetna Better Health کے ساتھ مزید حاصل کریں

*وظائف، انعامات، اور منصوبے کی سہولیات جن سے آپ محروم نہیں ہونا چاہیں گے*

- سب سے بہتر، مقامی فراہم کنندگان تک رسائی حاصل کریں- کسی ریفرلز کی ضرورت نہیں ہے
- دانتوں کی اور نظر کی جامع نگہداشت،
- تندرستی کے جائزے،
- زچگی کی نگہداشت* (نگہداشت کا انتظام، ڈولا سروسز، بریسٹ فیڈنگ سپلائیز اور معاونت)، اور
- فارمیسی کی سروسز۔*

*NJ FamliyCare کے کچھ ممبران پر مشترکہ ادائیگی لاگو ہو سکتی ہے*

### تمام فیملی کے لیے ڈینٹل ہوم پروگرام

اب ہمارے پاس یہ یقینی بنانے کے لیے ایک پروگرام ہے، جس میں آپ کے اور آپ کی فیملی کے تمام عمر کے افراد کے لیے ایک پرائمری کیئر ڈینٹسٹ (PCD) اور ایک ڈینٹل ہوم دستیاب ہے۔

### بہتر صحت میں آپ کا ہمسایہ

مندرجہ ذیل میں مدد کی خاطر نیوآرک، نیو جرسی میں Healthcare Central پر ہم سے ملاقات کریں:

- NJ FamilyCare کے لیے سائن اپ کریں
- فراہم کنندہ تلاش کرنا
- NJ FamilyCare کے تجدیدی عمل کو سمجھنا
- اپنے Aetna Better Health کے وظائف کو سمجھنا

ہر ماہ ہم ایک صحت بخش غذا کی فراہمی اور مفت لانڈری کے دن کی میزبانی کرتے ہیں!

### صحت سے متعلق مشورے کے لیے 7/24 نرس لائن تک رسائی حاصل کریں

1-855-232-3596 (TTY: 711) پر کال کریں اور 4 دبائیں۔ نرسیں ہمیشہ مدد کے لیے تیار ہیں۔

### صحت اور تندرستی کے لیے انعامات کمائیں

ہمارا انسینٹو پروگرام ممبران کو صحت کی اہل اسکریننگز مکمل کرنے پر انعامات سے نوازتا ہے جیسا کہ:

- **بچوں کی صحت کے معائنے کے دورے** (جن کی عمریں 3 سے 21 سال ہیں)
- **میموگرام -** بریسٹ کینسر اسکریننگ (ہر سال 40 سے 74 سال کی عمر کی خواتین کے لیے) اور سرویکل کینسر اسکریننگ (پیپ ٹیسٹ) (20 سال کی عمر سے آغاز)
- **لیڈ اسکریننگ** (0 سے 6 سال کی عمر کے لیے)
- **پوسٹ پارٹم نگہداشت** ( بچہ ہونے کے بعد 7 سے 84 دنوں تک سی- سیکشن میں دو دوروں کی ضرورت پڑ سکتی ہے)

اس پروگرام کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ممبر سروسز کو کال کریں۔

*س پروگرام کے اہل ہونے کے لیے ایک سال تک Aetna Better Health کا ممبر ہونا ضروری ہے۔*

***جب اپنی صحت کے بارے میں سوچیں، تو ہمارا خیال سب سے پہلے آنا چاہیے۔***

FIDELIS CARE®

ہنٹرڈن کے علاوہ، تمام کاؤنٹیز میں دستیاب ہے

## Fidelis Care

**1-888-453-2534 • TTY 711**  
**www.fideliscarenj.com**

**آپ کو ترجیح دینا:** Fidelis Care میں، ہم آپ کو اور آپ کی فیملی کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ نگہداشت اور وہ سروسز حاصل کرتے ہیں جس کی آپ کو تندرست رہنے اور مطمئن زندگی گزارنے کی ضرورت ہے۔

**کسی ریفرلز کی ضرورت نہیں ہے:** آپ ریفرل کے بغیر ہمارے کسی بھی اندرون نیٹ ورک اسپیشلسٹس سے ملاقات کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

**میرا HealthPays کا انعامی پروگرام:** جب آپ صحت مندانہ سرگرمیوں کو مکمل کرتے ہیں جیسا کہ باقاعدہ سالانہ چیک اپس، تو گفٹ کارڈ کے ذریعے، ڈالرز میں انعامات پائیں۔

**قبل از پیدائش کا انعامی پروگرام:** یہ پروگرام ہماری ہونے والی ماؤں کو ان کے حمل کے دوران صحت مند رہنے اور ان کے ڈاکٹر کے تمام دوروں پر توجہ مرکوز کرنے میں مدد دیتا ہے۔ وہ ممبران جنہوں نے اس پروگرام کو مکمل کر لیا ہے ایک مفت گفٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

**24-گھنٹے کی نرس کی مشاورتی لائن:** تمام ممبران رجسٹرڈ نرسوں سے طبی مشورہ لینے کے لیے دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن، سال کے ہر دن کال کر سکتے ہیں۔

### فزیشن (فراہم کنندہ) کی سروسز:

- **PCP:** ہر ممبر کے لیے ایک فراہم کنندہ مقرر کیا جاتا ہے جو ان کی نگہداشت کر سکے یا ایک اسپیشلسٹ سے ملاقات کا انتظام کرے۔
- نسخہ جات: آپ کے فراہم کنندگان کی جانب سے فراہم کردہ ادویات کے لیے کوریج۔

### ممبر کی معاونت:

- ڈاکٹر کی اپائنٹمنٹس کو ترتیب دینے، سماجی سروسز اور بہت کچھ کے لیے ذاتی معاونت۔
- تمام امواد درخواست پر انگریزی، ہسپانوی، اور دیگر زبانوں میں دستیاب ہے۔
- ترجمے کی سروسز ان ممبران کے لیے دستیاب ہیں جو قوت سماعت سے محروم ہیں، یا انگریزی کے علاوہ دوسری زبان بولتے ہیں۔

**کمیونٹی کے وسائل:** ہماری وقف شدہ CommUnity Assistance کی لائن آپ کو مقامی، کمیونٹی پر مبنی سروسز سے جوڑتی ہے جیسے کہ خوراک، ذرائع آمدورفت، بچے کی نگہداشت اور بہت کچھ۔

**نگہداشت کا انتظام:** ہم بچوں اور بالغان کے لیے ہدف شدہ پروگرامز کی پیشکش کرتے ہیں۔ کچھ پروگرامز میں شامل ہیں:

- **دمہ**
- **ذیابیطس**
- **HIV/AIDS**
- **انتہائی خطرے کا حامل حمل**

نگہداشت کرنے والے مینیجرز کو تربیت دی جاتی ہے کہ وہ ممبران، ان کی فیملی اور ان کے PCP کے لیے سروسز کو ترتیب دینے میں مدد کریں (بشمول انتہائی خصوصی نگہداشت کے لیے خاص نگہداشت کی سہولتوں کے ریفرلز) جن کی بیماری کے انتظام میں ضرورت پڑ سکتی ہے۔ صحت کی نگہداشت کے منصوبے کو منتخب کرنا ایک بڑا فیصلہ ہے، اور ہم چاہتے ہیں کہ آپ کے پاس اپنے لیے درست فیصلہ کرنے کی خاطر مطلوبہ حقائق موجود ہوں۔

تمام کاؤنٹیز میں دستیاب ہے

## Horizon NJ Health

**www.horizonnjhealth.com** | **711 TTY • 1-800-682-9090** | **Horizon NJ Health**

### آپ کو اور آپ کی فیملی کو صحت مند رکھنا:

Horizon Blue Cross Blue Shield of New Jersey کی جانب سے واحد NJ FamilyCare منصوبہ۔ ہم آپ کے آبائی شہر کا صحت کا منصوبہ ہیں۔ Horizon NJ Health کے ساتھ وہ وظائف حاصل کریں جس کی آپ کی فیملی کو ضرورت ہے۔

- نیو جرسی میں **سب سے بڑے فراہم کنندہ نیٹ ورکس میں سے ایک — 20,000** سے زائد ڈاکٹروں میں سے منتخب کریں
- اپنے ڈینٹسٹ کے پاس دورہ کرنے،Ob/Gyn، میموگرام شیڈول کرنے یا معمول کے آنکھ کے معائنے کے لیے **کسی ریفرل کی ضرورت نہیں** ہے
- **کونٹیکٹ لینزز اور گلاسز** کے ساتھ دیگر بصارتی وظائف کے لیے **کوریج**
- آپ کے ڈاکٹر کی جانب سے فراہم کردہ **نسخہ جاتی ادویات**، اس کے ساتھ ساتھ کچھ غیر نسخہ جاتی ادویات **کی کوریج**
- آپ کے طبی سوالات کاجواب دینے کے لیے **نرس ہیلپ لائن اور** آپ کے منصوبے کے بارے میں سوالات کا جواب دینے کے لیے **ممبر سروسز ہیلپ لائن، دن میں 24 گھنٹے، ہفتے کے سات دن** آپکے لیے دستیاب ہے

### آپ اور آپ کی فیملی پر مرکوز صحت کے اضافی معاونت کے پروگرامز:

- **Managed Long Term Services & Supports (MLTSS)** پروگرام ان لوگوں کے لیے جنہیں صحت اور لمبے عرصے تک کے لیے نگہداشت کی سروسز کی ضرورت ہے جیسے کہ گھر یا اپنے گھروں میں رہنے کے لیے ذاتی نگہداشت
- **Healthy Pregnancy Program** آپ کی ڈیلیوری تک کے تمام عرصے اور آپ کے بچے کے پہلے 60 دنوں میں آپ کی معاونت کے لیے ہے۔ معمول کے Ob/Gyn دورے، نگہداشت کی انتظامیہ کی سروسز، غذائی مشورے اور بریسٹ فیڈنگ میں مدد حاصل کریں
- ہمارے ممبران کی نگہداشت کے معیار کو بڑھانے میں مدد کے لیے **خاص ضروریات کے حامل ممبران کی نگہداشت کے لیے مینیجرز دستیاب ہیں**
- **Horizon Neighbors in Health** آپ کی بہتر صحت اور تندرستی کے سفر میں مدد کرنے کے لیے آپ کو کمیونٹی اور صحت کے وسائل کے ساتھ جوڑتا ہے
- **Education Works** آپ کو ہائی اسکول کے مساوی ڈپلومہ حاصل کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ ہم آپ کو ایک حسبِ ضرورت منصوبہ دیں گے جو آپ کی زندگی کے مطابق آپ کو تیار کرنے اور اپنا ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرنے میں مدد دے گا۔ سب سے بڑھ کر، یہ آپ کے لیے مفت ہے۔

ہمارے لیے آپ کی فیملی کی اچھی صحت سے زیادہ کچھ اہم نہیں ہے۔ جب آپ کو ہماری سب سے زیادہ ضرورت ہو تو ہم آپ کے لیے یہاں موجود ہیں۔

تمام کاؤنٹیز میں دستیاب ہے

## UnitedHealthcare Community Plan

**www.uhccommunityplan.com** | **711 TTY/TDD • 1-800-941-4647** | **UnitedHealthcare Community Plan**

**UnitedHealthcare Community Plan** میں، ہم لوگوں کو صحت مندانہ زندگیاں گزارنے میں مدد دیتے ہیں۔ ہم نے 1989 سے NJ میں اس مشن کی ترسیل کے لیے سخت محنت کی ہے۔

### جن وظائف کی آپ کو ضرورت ہے

- ہر ممبر کے لیے بنیادی نگہداشت کا ڈاکٹر
- دانتوں کی صفائیاں، چیک اپس اور دانتوں کا کام
- آنکھ کا معائنہ اور گلاسز یا کونٹیکٹ لینزز
- ہر عمر کے گروپ کے لیے مناسب احتیاطی نگہداشت، جیسے کہ ویکسینز، تندرستی کے دورے، ذیابیطس، دمہ اور دل کی نگہداشت
- اپنے ڈینٹسٹ کے پاس دورہ کرنے، Ob/Gyn، میموگرام شیڈول کرنے یا معمول کے آنکھ کے معائنے کے لیے کسی ریفرل کی ضرورت نہیں ہے
- نگہداشت کی انتظامیہ صحت سے متعلق معلومات فراہم کرنے اور آپ کو اپنی نگہداشت اور سروسز کو منظم کرنے میں مدد دیتی ہے

### وہ اضافی معاونت جو آپ چاہتے ہیں

- **Nurse Advice Line**– ہر روز، 7/24 ایک نرس تک رسائی حاصل کریں
- **Member Services** ہر روز، 7/24 دستیاب ہے
- **Healthy First Steps** پروگرام حاملہ ممبران، نئی بننے والی ماؤں اور ان کے بچوں کے لیے ہے
- **FIDESNP** منصوبے کا اختیار ان کے لیے ہے جو Medicare اور Medicaid کوریج رکھتے ہیں
- **Managed Long-Term Services & Supports** - پروگرام لاغر، بزرگوں اور معذور افراد پر توجہ مرکوز کرتا ہے جو روایتی صحت کی نگہداشت کے وظائف (ڈاکٹر کے دورے، ہسپتال میں قیام، لیبز) اور طویل دورانیے پر مبنی سروسز اور معاونت کو یکجا کرتا ہے (گھر اور کمیونٹی کی روزمرہ کی سرگرمیوں میں مدد فراہم کرنا)

تمام کاؤنٹیز میں دستیاب ہے

## Wellpoint

**www.wellpoint.com/nj/medicaid** | **711 TTY • 1-877-453-4080** | **ویل پوائنٹ**

**Wellpoint (formerly Amerigroup) نے 1996 سے فخریہ انداز میں NJ FamilyCare کے ممبران کی خدمت کی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ آپ اپنی صحت کے منصوبے سے کیا توقع رکھتے ہیں۔**
ہمیں آپ کو اپنے وظائف سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونے میں مدد کرنے دیں۔

### جن وظائف کی آپ کو ضرورت ہے

**کسی ریفرلز کی ضرورت نہیں ہے: ہمارے کسی بھی اندرون نیٹ ورک کے فراہم کنندگان سے ملیں، صرف بنیادی نگہداشت، ڈینٹسٹس اور OB/GYNs تک محدود نہ رہیں۔**

**24- گھنٹے نرس ہیلپ لائن:** نرس سے دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن میں طبی مشورے اور معلومات حاصل کریں۔ 833-731-2147 (TTY 711)

**آنکھوں اور دانتوں کے وظائف:** نظر اور دانتوں کی معمول کی نگہداشت حاصل کریں، بشمول اہلیت کے حامل ممبران کی خاطر کونٹیکٹ لینزز کے لیے $100 کریڈٹ، فریمز منتخب کریں اور بہت کچھ۔

**خصوصی ضروریات کی نگہداشت کی انتظامیہ:** خصوصی ضروریات کے حامل تمام ممبران کے لیے ایک نگہداشت کا مینیجر موجود ہے جو انفرادی نگہداشت کے منصوبے میں مدد دے گا۔

**نسخہ جاتی ادویات کی کوریج:** ان ادویات کے لیے جو آپ کی اچھی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہیں اور ہر کوارٹر میں $15 غیر نسخہ جاتی (OTC) اشیاء کے لیے۔

### اضافی اشیاء جو آپ چاہتے ہیں

**صحت مندانہ انعامات:** تجویز کردہ صحت کی اسکریننگز اور تندرستی کی سرگرمیاں مکمل کرنے پر گفٹ کارڈز، جیسے کہ: بچوں کے لیے لیڈ اسکریننگز، فلو شاٹس اور ذیابیطس کی سروسز، جیسے کہ پھیلی ہوئی آنکھوں کا سالانہ جائزہ اور ہیموگلوبن A1c کی ٹیسٹنگ۔

**ماؤں کے لیے اضافی معاونت:** ایک پروگرام جو آپ کو حمل، ڈیلیوری اور آپ کے بچے کے پہلے چند مہینوں میں مدد فراہم کرتا ہے۔ اسٹرولرز، کار سیٹس اور بہت کچھ کے لیے صحت مندانہ انعامات حاصل کریں۔

**مفت آن لائن وسائل:** ممبران کو خوراک، ملازمتیں، رہائشیں، قانونی مشاورت اور دیگر چیزیں ڈھونڈنے میں مدد کے لیے، جن کی آپ کو کمیونٹی میں ضرورت پڑ سکتی ہے۔

**کمیونٹی کی نگہداشت کے وسائل کے سینٹرز** جہاں آپ آ سکتے ہیں اور ویل پوائنٹ کے نمائندے سے اپنے وظائف کے بارے میں مزید جاننے، کمیونٹی کے پروگراموں اور سروسز، اور اپنے سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے لیے بالمشافہ بات کر سکتے ہیں۔